Government of Pakistan
Benazir Income Support Programme
*****
Press Release

SEMINAR FOR ASIA PACIFIC REGION PARLIAMENTS ON ACHIEVING SUSTAINABLE DEVELOPMENT GOALS HELD

Benazir Income Support Programme is focusing on building human capital of most vulnerable segments of the society, Shazia Marri

BISP implemented Nashonama program to improve health, nutrition in the country

BISP has so far disbursed over 24 billion rupees among flood affected families

Federal Minister urged parliamentarians to unite for combating with climate challenges

Islamabad (Sep 13, 2022): National Assembly of Pakistan and Pakistan Institute for Parliamentary Services organized a seminar in Islamabad today for Asia Pacific Region Parliaments on achieving Sustainable Development Goals (SDGs). Federal Minister for Poverty Alleviation & Social Safety/Chairperson Benazir Income Support Programme, Ms. Shazia Marri was invited as a Guest Speaker in the seminar. The main purpose of the event was to focus on understanding the way hunger is impacting different segments of society in addition to deliberating on strategies and best practices used world over to overcome hunger and malnutrition on priority basis.

While addressing the seminar, Shazia Marri said that Benazir Income Support Programme as the largest social protection program of the country focuses on building human capital of most vulnerable segments of the society by investing in their education, health and Nutrition. Through Conditional Cash Transfer program in the field of education, BISP is helping children of vulnerable families to complete their education focusing more on girl's education through higher incentives to reduce the gender enrolment gap, she added.

Furthermore Chairperson BISP apprised that over 40% children are stunted in Pakistan. To address this stunting prevention and promote dietary diversity during first 1000 days, Benazir Income Support Programme is implementing Benazir Nashonama - a Conditional Cash Transfer program to improve health and nutrition in the country. She said that the specialized nutritious food is being provided along with immunization and awareness sessions to prevent stunting in future generations.

Federal Minister said that Pakistan is confronted by many challenges including the recent unprecedented rainfalls of 2022 resulting in catastrophic floods. These devastating floods have displaced more than 33 million people in Pakistan and almost 1,347 people have died as a result of this catastrophe. Despite unusual circumstances BISP has so far disbursed over 24 billion rupees among flood affected families in a short span of time, she added.

At the end, Shazia Marri urged that it is time for us to work in solidarity in order to combat with climate challenges and crisis. Our Parliaments must continue to engage and strategize ways to become climate resilient and mitigate the adverse effects of climate change.

حکومت پاکستان
بینظیر انکم سپورٹ پروگرام
*****
پریس ریلیز

پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول پر ایشیا پیسفک ریجن کے پارلیمانوں کیلئے سیمینار کا انعقاد

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے ملک میں صحت اور غذائیت کو بہتر بنانے کیلئے نشوونما پروگرام نافذ کیا

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سیلاب سے متاثرہ خاندانوں میں 24 ارب روپے سے زائد کی رقم تقسیم کر چکا ہے

وفاقی وزیرکا اراکین پارلیمنٹ کو موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے یکجہتی پر زور

اسلام آباد (13 ستمبر 2022): پاکستان قومی اسمبلی اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ برائے پارلیمانی سروسز نے پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے حصول پر ایشیا پیسفک ریجن کے پارلیمانوں کے لیے آج اسلام آباد میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ/ چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، محترمہ شازیہ مری کو سیمینار میں بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا۔ اس تقریب کا بنیادی مقصد ترجیحی بنیادوں پر بھوک اور غذائی قلت پر قابو پانے کے لیے دنیا بھر میں استعمال کی جانے والی حکمت عملیوں اور بہترین طریقوں پر غور کرنا تھا۔
سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملک کے سب سے بڑے سماجی تحفظ پروگرام کے طور پر معاشرے کے کمزور طبقات کی تعلیم، صحت اور غذائیت میں سرمایہ کاری کر کے انسانی سرمائے کی تعمیر پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم کے میدان میں مشروط مالی معاونت پروگرام کے ذریعے، بی آئی ایس پی غریب خاندانوں کے بچوں کی تعلیم مکمل کرنے میں مدد کر رہا ہے اور صنفی تفریق کو کم کرنے کے لیے اعلیٰ ترغیبات کے ذریعے لڑکیوں کی تعلیم پر زیادہ توجہ مرکوز کر رہا ہے۔
مزید برآں چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے بتایا کہ پاکستان میں 40 فیصد سے زائد بچے اسٹنٹنگ کا شکار ہیں۔بچے کی زندگی کے پہلے 1000 دنوں کے دوران اس کی روک تھام اور غذائی تنوع کو فروغ دینے کے لیے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے ملک بھرمیں نشوونما پروگرام شروع کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ آنے والی نسلوں میں اسٹنٹنگ کو روکنے کے لیے حفاظتی ٹیکوں اور آگاہی سیشن کے ساتھ ساتھ خصوصی غذائیت سے بھرپور خوراک فراہم کی جا رہی ہے۔
وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں 2022 کی حالیہ غیر معمولی بارشوں کے نتیجے میں تباہ کن سیلاب شامل ہیں۔ ان تباہ کن سیلابوں نے پاکستان میں 33 ملین سے زائد افراد کو بے گھر کر دیا ہے اور اس تباہی کے نتیجے میں تقریباً 1,347 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر معمولی حالات کے باوجود بی آئی ایس پی قلیل عرصے میں سیلاب سے متاثرہ خاندانوں میں 24 ارب روپے سے زائد رقم تقسیم کر چکا ہے۔
آخر میں، شازیہ مری نے زور دیا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم موسمیاتی چیلنجز اور بحران سے نمٹنے کے لیے یکجہتی کے ساتھ کام کریں۔ ہماری پارلیمانوں کو موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات کو کم کرنے کے طریقوں پر مبنی حکمت عملی بنانے کی ضرورت ہے۔